پُکاري زينبِ مُضطر ميرے حسين آؤ

پُکاري زينبِ مُضطر ميرے حسين آؤ
کہاں ھو ميرے برادر ميرے حسين آؤ

نہ دوپہر ميں کھيں آئي ھے قضاء ايسي
نہ آئي شام کوئي شام کربلا جيسي
لُٹا نہ ايسا بھرا گھر ميرے حسين آؤ

بِکھر گئے سرِ ميدان قُرآن کے پارِہ
بہن کے سامنے بھائي جو تم گئے مارے
اب آئے صبر تو کيوں کر ميرے حسين آؤ

ميں جانتي ھوں کَٹھن ھے ميرا سفر بھائي
وہ شام کوفه کي گلياں ھے رھگذر بھائي
نہ ھوگا مقنع نہ چادر ميرے حسين آؤ

پرائے دیس میں زینب تو ھو گئي تنھا
نہ سر پہ بھائي کا سایا نہ ساتھ بچّوں کا
کھاں گئے میرے دلبر میرے حسین اٗؤ

یھیں اُمید کہ خیمے میں پاني پُھنچا دوں
بچالوں مشك اگر بازوں دونو کٹوا دوں
نہ دیکھا ایسا دِلاور میرے حسین اٗؤ

جوان بیٹا پُکارے ضعیف بابا کو
لگي ھے سینے میں برچھي اے بابا جاں اٗؤ
ھے دم کا مھماں یہ اکبر میرے حسین اٗؤ

اُٹھا کے ھاتھو پے شبّیر نے دِکھایا ھے
طلب پہ اٗب کے بدلے میں تیر کھایا ھے
نہ اٗیا لوٹ کے اصغر میرے حسین اٗؤ

گُذرتا ھے غمِ شبّیر میں ھي ھر اِك دن
ھو غم کي رات یا کوئي خوشي کا اٗئے دن
برھان دین کے لب پر میرے حسین اٗؤ

نهيں هے كوئي دعاء اور اِس دعاء كے بعد
برهان دين رهے شاد اور سدا آباد
هميشه شه كي مدد پر ميرے حسين آؤ

*****